ملنے کا پتہ:۔ سٹار لائٹ پبلشنگ کمپنی ہسپتال روڈ۔ لاہور

کانگریس کے فروغ دیئے ہوئے "انڈین نیشلزم" کے اژدہا نے جس متانت سے مسلم قوم کو نگل لینے کی ساحرانہ مساعی شروع کی تھیں، آخر اس کی حقیقت ہندستانی مسلمانوں پر فاش ہو گئی، اور انہوں نے "مسلم نیشلزم" کا ہتھیار مہیا کیا اور ہندو راج کے خطرے کا سدباب کرنے کے لئے تقسیم ہند کا مطالبہ پیش کیا۔

مسلم انڈیا میں اسی مطالبے کے حق بجانب ہونے کو ثابت کیا گیا ہے اور واقعات سے استدلال کرنے کے لئے مختلف جماعتوں اور مسلکوں کے لیڈروں، مصنفوں، اور صحیفہ نگاروں کی تقریروں اور تحریروں کے حوالے ایک منظم طریقے سے پیش کر دیئے گئے ہیں۔

جہاں تک مسلم لیگی نقطۂ نظر کا تعلق ہے، مسلم انڈیا، ایک کامیاب کتاب ہے۔ لیکن اگر آپ اس شخص کا زاویۂ نگاہ اختیار کریں، جو محض مسلم ہو، اور سیاست کے اصول انبیاء کی زندگیوں اور پیغاموں سے اخذ کرتا ہو۔ تو آپ تسلیم کریں گے کہ ہمارا مقابلہ محض "انڈین نیشلزم" اور "ہندو نیشلزم" سے نہیں ہے، کہ اس کے لئے "مسلم نیشلزم" اختیار کر کے ہم مطمئن ہو جائیں، بلکہ ہمارا مقابلہ تو "نیشلزم" کے شیطان سے ہے، چاہے وہ کسی نقاب کے ساتھ نمودار ہو۔ ہمیں جہاں کسی قوم کا فرقہ نہیں بننا ہے، وہاں (باصطلاح عہد حاضر) ایک قوم بن کے رہ جانا بھی تو ہمارے لئے بہت بڑی گراں ہے۔ کیونکہ ہمارا منصب ایک بین الاقوامی انقلابی پارٹی کا منصب ہے۔ جو لوگ اس منصب کے دلدادہ ہیں، وہ "مسلم انڈیا" کو ایک طے کئے ہوئے مرحلے کی حیثیت سے دیکھنے پر مجبور ہیں، اور ان کے خیال میں اب تو کچھ آگے ہی کی باتیں ہونی چاہئیں۔

ہم کیسے پڑھائیں؟ از جناب سلامت اللہ صاحب ایم۔ اے۔ بی۔ ٹی علیگ، معلم "استادوں کا مدرسہ"۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی۔ صفحات ۲۲۴۔ گرد پوش سے مزین جلد۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ۔

ملنے کا پتہ:۔ مکتبہ جامعہ، دہلی۔ نئی دہلی۔ لکھنؤ۔ بمبئی ۳۔

انسانی زندگی بحیثیت مجموعی ایک لمبی چوڑی کل ہے۔ یہ صدیوں سے پیہم معروف عمل اگر ہے تو اس وجہ سے، کہ قدرت نے ایزادی اور مرمت کا سلسلہ قائم کر رکھا ہے۔ خاندانوں کے ادارے اس مشین کے اجزاء کی تیاری کے لئے خام مواد "یعنی